The Baptist Tabernacle of Los Angeles

1329 South Hope Street, L.A. Civic Center

Mailing Address:
P. O. Box 15308
Los Angeles, CA 90015

Phone: (213) 744-9999

E-mail: rlhymersjr@sbcglobal.net

www.sermonsfortheworld.com

www.baptisttabernacle.com

Dr. R. L. Hymers, Jr.
Senior Pastor

Dr. Christopher L. Cagan
Associate Pastor

Dr. Kreighton L. Chan
Assistant Pastor

دسمبر، 2017

پیارے دوست:

’’تمام خدشات کے خلاف Against All Fears‘‘ میری زندگی کی کہانی ہے، جسے میں نے چند ہی دِن قبل لکھنا مکمل کیا ہے۔ ڈاکٹر بوب جونز III جو مجھے ’ایک نبی‘ کہتے ہیں، اُن لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے میری کتاب کی تعریف کی۔ BBFI کے دورمرتبہ رہ چکنے والے صدر، ڈاکٹر بِل مونروئے نے کہا، ’’دورِ حاضرہ کا دانی ایل [نبی] ہائیمرز ہے۔اور BBF کے سربراہ ڈاکٹر جان رولنگز کے بیٹے ڈاکٹر ہربرٹ رولنگز جو رولنگ فاؤنڈیشن کے سربراہ ہیں اُنہوں نے مجھے ’’ایک اصلی امریکی! ایک غیب دان کہا! اُن کی زندگی تبدیلی پیدا کرنے کے لیے شدید جنون کو ظاہر کرتی ہے۔‘‘ لوئیزیانہ بپٹسٹ یونیورسٹی کے صدر، ڈاکٹر نیل ویور نے کہا، ’’ ایک جرأت مند شخص کے بارے میں ایک سحر انگیز اور متاثر کُن کتاب۔‘‘ خبروں کے تبصرہ نگار ڈاکٹر ڈان بوائز نے کہا، ’’تمام خدشات کے خلاف‘ صرف مبلغین ہی کو نہیں بلکہ ہر کسی کو پڑھنی چاہیے۔ ڈاکٹر ہائیمرز ہر کسی کے لیے ایک مثال ہیں ... اُن کی کہانی اِس گھڑی کی ضرورت کو – حوصلے، وابستگی اور کردار کو ایک ہی ہستی میں اکٹھا کر دیتی ہے۔‘‘ انڈونیشیا کے لیے ہمارے مشنری ڈاکٹر ایدائی پُروانٹو نے کہا، ’’میں اِس کتاب کی شدت سے تجویز دیتا ہوں۔ جب خُدا انسان کے ساتھ ہوتا ہے تو اُسے شکست نہیں دی جا سکتی۔ ڈاکٹر ہائیمرز وہ ہیرو ہیں جو بے شمار مہلک جنگوں میں سے گزر چکے ہیں۔‘‘

جان سیموئیل کیگن ہمارے شریک کار پادری صاحب ڈاکٹر کرسٹوفر کیگن اور اُن کی بیوی ڈاکٹر جوڈیتھ کیگن کے بیٹے ہیں۔ جان مذہبی امور سے متعلق اعلیٰ تعلیم پا رہے ہیں اور جو میرے معاون کی حیثیت سے میرے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ہمارے گرجا گھر میں ہونے والی سب سے شاندار باتوں میں سے ایک بات جان کا خوشخبری کی تبلیغ کے لیے خود کو حوالے کر دینا تھا۔ وہ اب بائیولا یونیورسٹی میں علم الہٰیات کے ٹالبوٹ سکول میں اعلیٰ گریڈ ’’A‘‘ کے طالب علم ہیں۔ اُنہوں نے میری سوانح حیات کا تعارف لکھا۔ اُنہوں نے کہا، ’’ڈاکٹر ہائیمرز مسیح کے مقصد اور کلیسیا کے لیے ایک یکساں ذہنیت رکھتے ہیں جو کہ انتہائی ماہر کھلاڑیوں، سیاسی بازیگرون اور فاتحین کی مانند ہے ... 77 برس کی عمر میں، کینسر کے ساتھ (افاقے میں) اور طبّی علاج کی وجہ سے کمزوری کے ساتھ، زیادہ تر لوگ ریٹائر ہو چکے ہوتے۔ لیکن ڈاکٹر ہائیمرز نے ہمارے گرجا گھر کے لیے اور خُدا کی خاطر جنگ کرتے رہنا جاری رکھا! میں اُنہیں واعظ گاہ تک خود کو گھسٹتے ہوئے اور منادی کرتے ہوئے دیکھ چکا ہوں۔ ایک رات پہلے انتہائی کم نیند کے باوجود، ٹانگیں جو مشکلوں سے ہی اُن کا بوجھ سہہ پائیں گی، اور اُن کے پیٹ میں بل پڑ رہے تھے، وہ مسیح کے وسیلے سے قوت پا کر ثابت قدمی کے ساتھ واعظ گاہ میں ڈٹے رہے۔ اور وہ منادی کیسے کرتے ہیں؟ ایک شیر کی مانند! اُن کا کمزور ترین واعظ بھی آپ کے تقریبا ہر کسی دوسری جگہ پر سُنے جانے والے واعظوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ مؤثر ہوتے ہیں! یہی وجہ ہے کہ ساری دُنیا میں پادری صاحبان اپنی واعظ گاہوں میں اُن کے واعظوں کی تبلیغ کرتے ہیں... آج ڈاکٹر ہائیمرز کے واعظوں کے مسوّدوں کا لفظ بہ لفظ ترجمہ 36 زبانوں میں ہوتا ہے ... اُن کے واعظوں کو اب خُدا کی جانب سے تمام دُنیا میں ایک قوت بخش تاثر پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ گذشتہ سال 218 ممالک میں 1.5 ملیّن لوگوں نے اُن کے واعظوں کو پڑھا، اُن کی ویڈیوز کو دیکھا اور www.sermonsfortheworld پر اُن کی تبلیغ کی وجہ سے متاثر ہوئے ... ڈاکٹر ہائیمرز کی زندگی کی کہانی آپ کو مسیح کی خاطر زندگی بسر کرنے کے لیے متاثر کرے گی – جس سے وہ اِس قدر بخوبی محبت کرتے ہیں اور اِس قدر وفاداری کے ساتھ جس کی خدمت کرتے ہیں۔ مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہوتی ہے کہ گذشتہ چند ایک ہفتوں میں ڈاکٹر ہائیمرز نے اپنی کافی سے زیادہ قوت واپس حاصل کر لی ہے۔ میں دعا مانگتا ہوں کہ کینسر واپس نہیں ہوگا اور وہ کئی اور سال زندگی بسر کریں گے۔‘‘

ڈاکٹر رابرٹ ایل۔ سومنر، جو کہ قومی سطح پر پہچانے جانے والے مبشر اور ’’بائبلی مبشر‘‘ نامی کتاب کے ایک طویل مدت سے ایڈیٹر ہیں، اُنہوں نے کہا، ’’میں ایک ایسے شخص کی تعریف کرتا ہوں اور اُسے سراہاتا ہوں جو سچائی کی خاطر ڈٹے رہنے کے راضی ہے ... حتّٰی کہ جب سارے حالات اُس کے خلاف ہوتے ہیں تب بھی۔ رابرٹ لیسلی ہائیمرز، جونیئر اِسی قسم کا مسیح کا ایک مسیحی خادم ہے!‘‘ (***The Honor Was All Mine: Giants of Faith Whose Paths Crossed Mine***، 2015، صفحات 104، 105)۔ 2018 کے موسمِ بہار میں کتاب کے شائع ہو جانے کے بعد آپ ڈاکٹر کرسٹوفر ایل۔ کیگن کو اِس نمبر (323)735-3320 پرفون کرنے کے ذریعے سے میری سوانح حیات ***Against All Fears*** کا آرڈر دے سکتے ہیں۔

نوح سُونگ ہمارے گرجا گھر میں ایک اور نوجوان شخص ہیں جنہیں تبلیغ کے لیے بُلایا جا چکا ہے۔ وہ اپنی کالج کی ڈگری مکمل کر رہے ہیں اور پھر وہ سیمنری میں جائیں گے۔ نوح جان کیگن کی معاونت کریں گے جب جان ہمارے گرجا گھر کے پادری کی حیثیت سے میرے جانشین بنیں گے اور میں اپنی ذمہ داریوں سے باعزت ریٹائر ہو کر پادری ایمریٹس بن جاؤں گا۔ نوح اور جان دونوں ہی اعلیٰ درجے کے نوجوان مبلغین ہیں۔ اِس سال کے شروع میں نوح نے انڈونیشیا میں اور چین میں تبلیغ کی تھی۔ جان نے ڈومینیکن ریپبلک میں اور انڈیا میں دو مبشراتی تحریکوں میں تبلیغ کی تھی۔ جان اور نوح دونوں ڈاکٹر کیگن کے ساتھ افریقہ کے لیے سفر کریں گے، جہاں پر وہ اگلے سال جنوری کے شروع میں یوگینڈا، کینیا اور روانڈا کے ممالک میں تبلیغ کریں گے۔

ہم نے اِس سال کے آغاز میں مراٹھی (انڈیا کی ایک اور زبان) اور کریول (ہیٹی کی زبان) کا اضافہ کیا۔ یوں ہمارے لفظ بہ لفظ واعظوں کے مسوّدے اب ہماری ویب سائٹ پر 36 زبانوں میں مہیا ہیں!

میری بیوی علیانہ Ileana نے اور میں نے ستمبر میں اپنی شادی کی 35ویں سالگرہ منائی۔ علیانہ ہمارے گرجا گھر میں نوجوان خواتین کی انچارج ہیں۔ وہ اُن کی قابلِ بھروسہ مُشیر ہونے کا شاندار کام کرتی ہیں۔ میرے اب تک کے جانے ہوئے لوگوں میں علیانہ سب سے بہترین کراس کلچرل مسیحی ورکر ہیں، کیونکہ اُن کی زیادہ تر لڑکیاں مشرقی ہیں اور علیانہ گوئٹے مالا Guatemala کی ایک باشندہ ہیں!

میرے بیٹے رابرٹ اور جان ویزلی دونوں ہی ہمارے گرجا گھر میں میرے لیے شاندار مددگار ہیں۔ فروری میں ہماری پوتی سارہ میرے بیٹے رابرٹ اور اُس کی بیوی چِن سے پیدا ہو گی۔ اُن کی پہلی بیٹی حنّہ اب تقریباً دو سال کی ہو چکی ہے۔ وہ پہلے ہی سے چلتی اور باتیں کرتی ہے – اور ایک شاندار بچی ہے جو مجھے چومنا پسند کرتی ہے جب بھی میں اُس کو نظر آ جاتا ہوں! وہ میرے دِل کو خوشی سے گانے پر مجبور کر دیتی ہے!

نومبر میں 13 نوجوان لوگوں کو میں نے بپتسمہ دیا، ساروں میں سے صرف تین تھے جنہیں دُنیا میں سے بچایا گیا تھا – ڈینی کارلوسDanny Carlos، ٹموتھی چعین Timothy Chan، جوزف گونگJoseph Gong، جوڈی لِیJudy Li، تھامس لوآنگ Thomas Luong، یوحنا ژوکاموٹو Yohana Tsukamoto، منح وو Minh Vu، ٹام چیا Tom Xia، جیسیکا یِنJessica Yin، آیاکو زبالاگاAyako Zabalaga، علیشیا زاکامیٹژِن Alicia Zacamitzin، جیسی زاکامیٹژِنJesse Zacamitzin اور بائینگ ژینگ Baiyang Zhang۔ آپ اُن کے ناموں ہی سے بتا سکتے ہیٰں کہ یہ نوجوان مسیحیوں کا ایک مختلف گروہ ہے۔ لاس اینجلز کے شہری مرکز میں ہمیں بہت فخر ہے کہ ہمارے پاس 20 تہذیبی گروہوں سے ہمارے عظیم گرجا گھر میں لوگ ممبران کی حیثیت سے ہیں! نومبر میں ہم نے 5 نوجوان اشخاص – ہارون ینسیAaron Yancy، کیو ڈونگ لِیKyu Dong Lee، جیک نعان Jack Ngann، نوح سونگNoah Song اور جان سیموئیل کیگنJohn Samuel Cagan۔ ابتدائی کلیسیا کی مثال کی پیروی کرتے ہوئے، جان کو ایک پادری کے طور پر مقرر کرنے سے پہلے اُسے ایک مُناد کی حیثیت سے مقرر کیا گیا تھا جب وہ چند ایک سالوں میں سیمنری سے گریجوایشن کر لیتا ہے تو اُسے ہمارے گرجا گھر میں ایک پادری کی حیثیت سے فائز کر دیا جائے گا۔ جان پہلے ہی سے اِتوار کی زیادہ تر صبحیں ہر ہفتے بے شمار نوجوان لوگوں کو جو ہمارے ہاں آتے ہیں منادی کرتا ہے۔ مذہبی خدمت میں وہ میرا ''بیٹا'' ہے۔ ہماری ویب سائٹ (www.sermonsfortheworld.com) پر اُسکے واعظوں میں سے ایک کی ویڈیو دیکھیں۔ میں ہر اِتوار کی شام کو اور ہر ہفتے کی شام کو جب تک ممکن ہو سکتا ہے منادی کرتے رہنا جاری رکھوں گا۔

اگلے سال منسٹری میں ہم منسٹری میں میری 60 ویں سالگرہ منائیں گے! میں مشکلوں ہی سے یقین کر پاتا ہوں کہ میں 60 ساٹھ سالوں تک خوشخبری کی منادی کر چکا ہوں! میرے کینسر کے مرض کی شدت میں اب افاقہ ہو رہا ہے۔ دعا کریں کہ ہمارے شاندار گرجا گھر میں جان اور نوح کے ساتھ مذہبی ناظم کے فرائض سرانجام دیتے ہوئے اورمنادی کرتے ہوئے جب تک میں اپنی 70ویں سالگرہ [منسٹری میں] نہیں منا لیتا یہ واپس نہ آئے! مذہبی خدمت میں علیانہ میری ساتھی ہے۔ وہ میرے ہر دِن میں میرے ساتھ کام کرتی ہیں، جب ہم لاس اینجلز کے اِس بہت بڑے اور بدکار شہر کے مرکز میں دُنیا سے نوجوان لوگوں کو جیتتے ہیں۔ اور میرے شریک کار ڈاکٹر کرسٹوفر کیگن کے بغیر، یہ سب کچھ کبھی بھی ممکن نہیں ہو سکتا۔ مجھے ڈاکٹر کرھیٹن ایل چعین، مسز ایما سلازار، اور ہمارے مُنادوں اور ترجمانوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہیے، جن کے بغیر یہ مذہبی خدمت ناممکن ہو جاتی!

ہم 29 جنوری کو چینی نیا سال مناتے ہیں۔ نوح سونگ نے صبح کی عبادت میں منادی کی اور ڈاکٹر کرھیٹن ایل۔ چعین نے شام کی عبادت میں تبلیغ کی تھی۔ میں اپریل میں اپنے خاندان میں میرے بیٹے رابرٹ، چِن اور بچی حنّہ، میرے بیٹے ویزلی، علیانہ کی والدہ لِنیڈا، علیانہ اور خود کو چُھٹیاں گزارنے کے لیے میکسیکو کے شہر یوریٹو ویلارٹا Puerto Vallarta لے گیا تھا۔ وہ خوبصورت، گرم اورآرام سے بھرپور تھا۔ ڈاکٹر رابرٹ ایل۔ سومنر Dr. Robert L. Sumner، جو دسمبر میں 94 برس کی عمر میں وفات پا گئے ہماری ویب سائٹ پر بیچنے کے لیے ہمارے پاس اپنی تمام کتابیں چھوڑنے کے ذریعے سے مجھے حیرت میں ڈال گئے۔ یہ واحد جگہ ہے – www.sermonsfortheworld.com جہاں سے ڈاکٹر سومنر کی بے شمار کتابوں کو خریدا جا سکتا ہے۔ سیاہ پس منظر کے ساتھ سرِورق پر اشتہار دیکھیں۔ ہم اگست سے لیکر موسمِ خزاں تک حیاتِ نو پر زور ڈال چکے ہیں۔ ایک کے بعد دوسری رات، میں نے چالیس سے زائد مرتبہ منادی کی، جب خُداوند نازل ہوئے اور بے شمار لوگ اُمید کی بھرپوری کے ساتھ مسیح میں ایمان لا کر تبدیل ہوئے اور دوسرے لوگوں نے نئی زندگیاں پائیں۔ یہ دوسرا سال تھا کہ خداوند نازل ہوا اور ہمارے گرجا گھر کو تروتازگی کے دور کے ساتھ بابرکت کیا! ہم اگلے سال مذید اور حیاتِ نو کے لیے دعا مانگ رہے ہیں! ڈاکٹر چعین کے بیٹے مُناد کے اُمیدوار بنے 8 اکتوبر کو وسطِ خزاں کے چینی میلے کے موقع پر اِتوار کی صبح کو قوت سے بھرپور ایک واعظ کی تبلیغ کی۔ میں اگلے سال اپنی سوانح حیات کے شائع ہو چکنے کے بعد، حیاتِ نو کے موضوع پر ایک کتاب لکھنا شروع کرنے کے لیے منصوبہ بنا رہا ہوں۔ مہربانی سے اِس پروجیکٹ کے لیے دعا کیجیے گا۔

کل شکرگزاری کا دِن ہے۔ میری بیوی نے ہمارے گھر پر ہمارے ساتھ [شکرگزاری] کو منانے کے لیے 40 سے زائد لوگوں کو مدعو کیا۔ یہ ہماری دعا ہے کہ کرسمس کے معنی خیز اور خوبصورت موسم کے دوران مسیح آپ کے گھر میں بھی موجود ہوگا۔ خُدا آپ تمام کو برکت دے!

دادا ہائیمرز اور اُن کی پیاری پوتی، حنّہ!

یسوع کے نام میں آپ کا،

آر۔ ایل۔ ہائیمرز، جونیئر،
D.Min., Th.D., Litt.D.
فلپیوں13:4

جانیے کیوں 120,000 پادری ہماری ویب سائٹ پر گذشتہ سال کیوں آئے۔ یہ سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں کے مسوّدے 36 زبانوں اور ویڈیوز 3 زبانوں میں پیش کرتے ہیں۔ اگر آپ وہ مبلغ ہیں جو مجھے پسند کرتے ہیں تو واعظوں کے مسوّدے کی جانچ کریں، کبھی کبھار ایک واعظ کے لیے ''ضرور آئیں''۔ تقریبا 1,500,000 لوگ (بشمول 120,000 مبلغین) کو اِس سال اُن سے WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر مدد ملی۔

ڈاکٹر ہائیمرز اپنی سالگرہ کے کیگ پر 76 نمبر
دیکھ کر حیران لگتے ہیں!

میکسیکو کے شہر پوریٹو ولارٹا کے ہوٹل کی لابی میں جن ہائیمرز
(رابرٹ کی بیوی)، رابرٹ لیزلی بچی حنّہ کو اُٹھائے ہوئے، ڈاکٹر
ہائیمرز، مسز ہائیمرز، ویزلی، مسز آرّیڈُونڈو۔

ڈاکٹر ہائیمرز ہر کو جس نے بپتسمہ پایا سیکو فیلڈ مطالعہ بائبل
پیش کرتے ہوئے۔

ڈاکٹر ہائیمرز مس بائی ینگ ژینگ کو بپتسمہ دیتے ہوئے

نئے مقرر کردہ مُناد (پہلی قطار میں) اور بپتسمہ
پانے والے نئے ممبرز (پچھلی قطار میں)

حنّہ ہائیمرز اپنے پر نانا رافائیل کیولر کے ساتھ
گوئٹے مالا سے!

ہماری واعظوں کی ویب سائٹ سینکڑوں لفظ بہ لفظ مسوّدے اُردو زبان اور 35 دوسری زبانوں میں WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پیش کرتے ہیں۔

اِس کے علاوہ، ہمارے گرجا گھر کی ویب سائٹ کو WWW.BAPTISTTABERNACLE.COM پر دیکھیں۔

ڈاکٹر اور مسز ہائیمرز۔

مسز ہائیمرز کی سالگرہ، ڈاکٹر ہائیمرز بچی حنّہ
کو کچھ کیک کھلاتے ہوئے!

مسٹر وِنسٹن سونگ، ہمارے عظیم چینی ترجمان (درمیان میں
پہلو میں (بائیں) نوح سُونگ اور (دائیں) جان سئیمول کیگن

ڈاکٹر ہائیمرز جان سیموئیل کیگن اور اُن
کی منگیتر جولی سائیویلے۔

جان سیموئیل کیگن اِنڈیا میں ایک تحریک میں
تبلیغ کرتے ہوئے۔

جان سیموئیل کیگن ڈومینیکن ریپبلک میں تبلیغ کرتے ہوئے اپنے
والد ڈاکٹر کیگن کے ساتھ، جو ہسپانوی میں ترجمہ کر رہے ہیں۔

ہماری واعظوں کی ویب سائٹ سینکڑوں لفظ بہ لفظ مسوّدے اُردو زبان اور 35 دوسری زبانوں میں WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پیش کرتے ہیں۔

اِس کے علاوہ، ہمارے گرجا گھر کی ویب سائٹ کو WWW.BAPTISTTABERNACLE.COM پر دیکھیں۔